# تحریک ادب

شمارہ ۴۴ (جولائی تا ستمبر ۲۰۱۹ء)

ISSN 2322-0341

A peer Reviwed Urdu Journal
Approved By U.G.C. S. No.41078

مدیر اعلیٰ

جاوید انور

REGISTERED WITH R.N.I. No. UPURD/04426/24/1/2010-TC

# Tahreek -e- Adab

Urdu Quarterly

ISSN 2322-0341
Vol. 10
Issue 44
July-Sep 2019

A peer Reviwed Urdu Journal
Approved By U.G.C. S. No.41078

URDU ASHIANA
167 Afaq Khan Ka Ahata, Manduadih Bazar, Varanasi-221103(U.P)

پروفیسر آفتاب احمد آفاقی صدر شعبۂ اردو بنارس ہندو یونیورسٹی شبلی نعمانی کے فن اور شخصیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے

اردو ادب کی دو معتبر شخصیات

پروفیسر شہاب عنایت ملک صدر شعبۂ اردو جموں یونیورسٹی اور پروفیسر آفتاب احمد آفاقی

Scanned with CamScanner

# تقی عابدی تنقید کے آئینے میں

عرفان عارفؔ (اسسٹنٹ پروفیسر اردو، جموں)

''وجودِ زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ''۔۔۔بلا شبہ عورتوں نے دنیا بدل کر رکھ دی ہے۔ جہاں نیٹ ورکنگ، کمپیوٹر، انجینئرنگ جیسے کارآفرینوں، سائنس دانوں اور سیاست دانوں سے لیکر اداکاری، صنعت کاری، سماجی کارکنوں اور کھلاڑیوں تک یہ نئی راہ تلاش کرنے والی خواتین دوسری عورتوں کے سامنے اس بات کی مثال پیش کر رہی ہیں کہ آگے بڑھ کر قائدانہ رول کیسے اختیار کیا جاتا ہے۔ غلط تناظرات کیسے بدلے جاتے ہیں اور خود اپنا راستہ بدلنے کے لئے دستیاب مواقع کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔ وہیں شعر و ادب کے حوالے سے بھی شاعرات نے اپنے اپنے لب ولہجہ، فکر وفن، طرز نگارش اور تخلیق وتحقیق سے پوری دنیا کو اپنی جانب متوجہ کیا ہے۔ آج عالمی پیمانے پر سب کے نزدیک خواتین کے مسائل عالمی ترجیح کے مسائل ہیں۔ ۸ مارچ کو بین الاقوامی یوم خواتین منایا جاتا ہے۔ ۲۰۱۳ء میں اس موقع پر امریکہ کے سابق صدر بارک اوباما نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ۔

''خواتین کو اختیارات کی تفویض صرف درست کام ہی نہیں، چست کام بھی ہے۔ جب خواتین کامیاب ہوتی ہیں تو قومیں پہلے سے زیادہ محفوظ، بے خطر اور پہلے سے زیادہ خوشحال ہوجاتی ہیں۔''

(بحوالہ: رسالہ، اسپین مئی/ جون ۲۰۱۳)

اتنی بات کہنے کے پیچھے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ اُردو ادب کی تاریخ میں صنفِ نازک کی بیش قیمت اور بیش بہا خدمات کو ہمیشہ عزت اور قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ وہ چاہے ناول نویسی، ڈراما نگاری اور افسانہ نگاری ہو یا شعر و شاعری کا میدان۔ خواتین نے ہر میدان میں اپنے کار ہائے نمایاں انجام دے کر سب کی فکر ونظر کو اپنی طرف متوجہ کیا ہے۔ ان خواتین میں رشید جہاں، جیلانی بانو، خدیجہ مستور، ہاجرہ مسرور، قراۃ العین حیدر، عصمت چغتائی، ترنم ریاض، ثروت خان، پروین شاکر، پروین شیر، نکہت افتخار، نکہت امروہی، نکہت نذر، ادا جعفری، نوشی گیلانی، نصرت اندرابی، پراتیا سحر، شہناز پروین سحر، علینا عترت، سلمہ صنم، رینو نیر، مینا نقوی، فوزیہ رباب، مہر افروز، صبا بلرام پوری، رخسانہ جبین، نصرت جہاں، نصرت چودھری، کومل جویا، لتا حیا، نسرین نقاش، جسپال کور، سیما غزل، سودا جبین، زنفر کھو


ISSN-2322-0341
Scanned with CamScanner